PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ex-1215 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2026/** 1132
**Date, Peshawar the** 29 **/01/2026/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Law, Parliamentary Affairs and Human Rights Department

Subject: - **RESOLUTION No.229 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **14-01-2026** passed unanimously the following Resolution No.**229** moved by Mr. Ahmad Kundi Member Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below-

چونکہ آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان 1973ء کا آرٹیکل 140-A صوبوں کو مقامی حکومتوں کے قیام اور سیاسی، انتظامی و مالی اختیارات کی منتقلی کا پابند بناتا ہے۔ تاہم اب تک یہ نظام تسلسل، خود مختاری اور وسائل کی کمی کا شکار رہا ہے۔ چونکہ سپریم کورٹ فیصلوں کے مطابق مقامی حکومتیں ریاستی ڈھانچے کی لازمی اکائی ہیں۔ مگر بار بار تحلیل اور غیر مستحکم قانون سازی نے انہیں مؤثر کردار ادا کرنے سے محروم رکھا ہے۔ چونکہ دنیا بھر میں مقامی حکومتوں کو آئینی تحفظ حاصل ہے اور الیکشن کمیشن آف پاکستان بھی آرٹیکل 140-A میں ترمیم کی سفارش کر چکا ہے تاکہ بروقت انتخابات اور مؤثر حکمرانی یقینی بنائی جاسکے۔

لہذا اب یہ ضروری ہوگیا ہے کہ آئین میں ترمیم کے ذریعے مقامی حکومتوں کے تسلسل، اختیارات اور آئینی حیثیت کو واضح اور مضبوط کیا جائے۔

یہ ایوان قومی اسمبلی اور سینیٹ آف پاکستان کو یہ تجویز کرتا ہے کہ

(01) آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آرٹیکل 140-A درجہ ذیل ترامیم کی جائیں۔

(الف) مقامی حکومتوں کی مدت اور بنیادی ذمہ داریوں کی وضاحت کی جائے۔

(ب) یہ آئینی طور پر لازم قرار دیا جائے کہ مقامی حکومتوں کی مدت پوری ہونے یا تحلیل ہونے 90 دن کے اندر نئے انتخابات کرائے جائیں۔

(ج) انتخابی نتائج کے اعلان کے 21 دن کے اندر منتخب بلدیاتی اداروں کو اپنے اجلاس منعقد کرنے کا پابند بنایا جائے۔

(د) بلدیاتی اداروں کو سیاسی، انتظامی اور مالی خود مختاری کے ساتھ بااختیار بنایا جائے، ان کے لئے مقامی خدماتی کیڈر تشکیل دیا جائے اور صوبائی مالیاتی کمیشن کو وفاقی مالیاتی کمیشن کے ساتھ مربوط کیا جائے۔

(ف) بلدیاتی قوانین میں کسی بھی ترامیم کو متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے مشروط کیا جائے تاکہ ان قوانین کو استحکام حاصل ہو

(02) مزید یہ کہ آئین میں ایک نیا باب بعنوان مقامی حکومتیں شامل کیا جائے، جس کے تحت مقامی حکومتوں کو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی طرح ریاستی ادارے کے طور پر آئینی تحفظ فراہم کیا جائے، تاکہ وہ صوبائی حکومتوں کے زیر اثر ہونے کے بجائے حقیقی معنوں میں خود مختار، مؤثر اور عوامی خدمت پر مبنی ادارے بن سکیں۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Your faithfully,

(MALIK HASAN ZEB)
Assistant Secretary,